## قولونو اسکوپی سے قبل آنت کی صفائی کے لیے عمومی سفارشات

بیج والے پھل (جیسے کیوی، اسٹرا بیری، انگور، تربوز) اور سبزیاں (جیسے ٹماٹر اور سلاد بالعموم) ٹیسٹ سے قبل 3 دنوں میں نہ کھائیں کیونکہ ان کی وجہ سے ٹیسٹ انجام دینا مشکل ہو سکتا ہے اور اس کی درستگی کم ہو سکتی ہے۔

مرکب لیتے وقت، اور ٹیسٹ اپائنٹمنٹ سے قبل دو گھنٹے تک، آپ پانی، چائے، بابونہ کی چائے اور بارلی کے مشروبات، اگر آپ چاہیں تو چینی کے ساتھ لے سکتے/سکتی ہیں۔

ٹیسٹ سے قبل والے دن، آپ صرف ہلکی ڈشز کھا سکتے/سکتی ہیں (جیسے شفاف سوپ)۔ مرکب آپ کے شروع کرنے کے بعد کوئی بھی چیز نہ کھائیں۔

یہ پروڈکٹ لیتے ہوئے متلی یا الٹی کا احساس عام بات ہے اور یہ تشویش کی وجہ نہیں ہے۔ بس مشروب کو مزید آہستگی سے چھوٹی چسکیوں میں پیئیں (اگر اسے پہلے فریج میں سرد کر دیا جائے تو یہ مزید ذائقہ دار ہو سکتا ہے) اور آپ دیگر مشروبات (چائے، بابونہ کی چائے، وغیرہ) کے ساتھ ملا کر فلیور کو بہتر بنا سکتے/سکتی ہیں۔

اہم علامات کے مدنظر، اپنے ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔

تمام مرکب ہدایات کے مطابق لینا ضروری ہے تاکہ ٹیسٹ صحیح سے انجام دیا جا سکے؛ نامکمل مرکب قولونو اسکوپی کی درستگی کم کر سکتا ہے اور طریقہ کار کو دہرانا پڑ سکتا ہے۔

آپ کو قولونو اسکوپی انجام دیے جانے سے قبل 2 اور 4 گھنٹے کے بیچ مرکب لینا پورا کر لینا چاہیے۔ مرکب پورا ہو جانے کےبعد، اگر آپ کے پاخانے ہلکے/زرد اور سیال نہیں ہیں تو آپ مزید مرکب لے سکتے/سکتی ہیں یا دیگر شفاف مائعات پی سکتے/سکتی ہیں۔

ذیل میں دستیاب مرکبات کی ایک فہرست دی گئی ہے

کافی کم مقدار والا مرکب: **پلینوو** (PEG اور اسکاربک تیزاب پر مبنی)

کم مقدار والا مرکب: **کلینسیا** (PEG اور اسکاربک تیزاب پر مبنی)، **مووی پریپ** (PEG اور اسکاربک تیزاب پر مبنی)

زیادہ مقدار والا مرکب: **SELG ESSE** (پولی ایتھیلین گلائکول - PEG اور سوڈیم فاسفیٹ پر مبنی)

اہم بات:

- قبض (ہفتے میں 3 بار سے کم رفع حاجت) والے مریضوں کے لیے کم اور کافی کم مقدار والے مرکبات کی سفارش نہیں کی جاتی ہے

- دل یا گردے کے شدید مرض والے مریضوں کو اپنے اسپیشلسٹ سے رجوع کرنا چاہیے (تاکہ الکیٹرولائٹ کے توازن میں ہیر پھیر کو روکا جائے)۔

متضاد اشارے:

پلینوو اور مووی پریپ میں فینائل کیٹون یوریا (فینائلالانائن پر مشتمل مرکب) والے مریضوں کے لیے اور گلوکوز-6 فاسفیٹ ڈی ہائدروجینیس کی کمی، جو فیوزَم (اسکاربک تیزاب/اسکاربیٹ پر مشتمل مرکب) کے بطور بھی معروف ہے، والے مریضوں کے لیے متضاد اشارے ملے ہیں۔

**پلینوو**

مرکب کس طرح لیا جائے:

خوراک 1 لیں (آدھے لیٹر پانی میں تحلیل کر کے آدھے گھنٹے میں پیئیں) اور پھر آدھا لیٹر پانی پیئیں

ایک گھنٹے کے بعد خوراک A + 2B2 لیں (آدھے لیٹر پانی میں تحلیل کر کے آدھے گھنٹے میں پیئیں) اور پھر آدھا لیٹر پانی پیئیں

مرکب کب لیا جائے (سفارش کردہ اوقات)

قولونو اسکوپی کا وقت صبح 8 بجے سے دوپہر 2 بجے تک

ٹیسٹ سے قبل والی شام

شام 7 بجے سے 8 بجے تک، آدھے لیٹر پانی میں تحلیل کر کے پلینوو کی خوراک 1 کو 30 منٹ کے دورانیہ میں پیئیں، پھر آدھا لیٹر پانی پیئیں

ٹیسٹ والی صبح

صبح 5.30 بجے سے 6.30 بجے تک، پلینوو کی خوراک 2 کو 30 منٹ کے دورانیہ میں پیئیں (خوراک 2A اور خوراک 2B کو ایک ساتھ آدھے لیٹر پانی میں تحلیل کریں) اور پھر ایک لیٹر پانی پیئیں

-----------------------------------------------------------------

قولونو اسکوپی کا وقت دوپہر 2 بجے کے بعد

ٹیسٹ والی صبح

صبح 7.00 بجے، پلینوو کی خوراک 1 کو 30 منٹ کے دورانیہ میں پیئیں (خوراک 2A اور خوراک 2B کو ایک ساتھ آدھے لیٹر پانی میں تحلیل کریں) اور پھر آدھا لیٹر پانی پیئیں

صبح 8.00 بجے، پلینوو کی خوراک 2 کو 30 منٹ کے دورانیہ میں پیئیں (خوراک 2A اور خوراک 2B کو ایک ساتھ آدھے لیٹر پانی میں تحلیل کریں) اور پھر ایک لیٹر پانی پیئیں

دھیان دیں: خوراکوں کی ترتیب نہ بدلیں؛ پہلے 1 پھر خوراک 2A+2B لیں۔

**کلینسیا اور مووی پریپ**

مرکب کس طرح لیا جائے

کلینسیا: پیکٹ A کے نشان والے 4 پڑیوں (بڑا) اور B کے نشان والے 4 پڑیوں (چھوٹا) پر مشتمل ہوتا ہے۔ دو عدد A پڑیا اور 2 عدد B پڑیا کو 1 لیٹر پانی میں رقیق بنایا جائے اور 1 گھنٹہ کے دورانیے میں استعمال کر لیا جائے۔

مووی پریپ: پیکٹ 2 شفاف پڑیوں پر مشتمل ہوتا ہے، ہر ایک میں A کے نشان والا ایک بڑا پڑیا اور B کے نشان والا ایک چھوٹا پڑیا شامل ہوتا ہے۔ 1 لیٹر مووی پریپ حاصل کرنے کے لیے، ایک عدد A پڑیا اور ایک عدد B پڑیا کو 1 لیٹر پانی میں تحلیل کریں یہاں تک کہ پوری طرح سے تحلیل (شفاف محلول) ہو جائے۔ یہ محلول 1 گھنٹہ کے دورانیے میں استعمال کر لیا جائے۔

مرکب کب لیا جائے (سفارش کردہ اوقات)

قولونو اسکوپی کا وقت صبح 8 بجے سے 10 بجے تک

ٹیسٹ سے قبل والی شام: 1 لیٹر مرکب شام 8 بجے سے 9 بجے تک اس کے بعد آدھا لیٹر پانی

ٹیسٹ سے قبل والی صبح: 1 لیٹر مرکب صبح 5.30 بجے سے 6.30 بجے تک اس کے بعد آدھا لیٹر پانی

---------------------------------------------------------------------

قولونو اسکوپی کا وقت صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک

ٹیسٹ سے قبل والی شام: 1 لیٹر مرکب شام 8 بجے سے 9 بجے تک اس کے بعد آدھا لیٹر پانی

ٹیسٹ سے قبل والی صبح: 1 لیٹر مرکب صبح 6 بجے سے 7 بجے تک اس کے بعد آدھا لیٹر پانی

------------------------------------------------------------

قولونو اسکوپی کا وقت دوپہر 2 بجے کے بعد

ٹیسٹ سے قبل والی صبح: 2 لیٹر مرکب صبح 8.00 بجے سے 10.00 بجے تک اس کے بعد 1 لیٹر پانی

**SELG ESSE** (پولی ایتھیلین گلائکول - PEG اور سوڈیم فاسفیٹ پر مبنی)

مرکب کس طرح لیا جائے: ہر 4 سیلج پڑیا کو 1 لیٹر غیر کاربن آمیز پانی (یا شفاف مائع) میں تحلیل کریں۔

مرکب کب لیا جائے (سفارش کردہ اوقات)

قولونو اسکوپی کا وقت صبح 8 بجے سے 10 بجے تک

ٹیسٹ سے قبل والی شام: شام 7 بجے سے 10 بجے تک 3 لیٹر

ٹیسٹ سے قبل والی صبح: صبح 5.30 بجے سے 6.30 بجے تک 1 لیٹر

---------------------------------------------------------

قولونو اسکوپی کا وقت صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک

ٹیسٹ سے قبل والی شام: شام 7 بجے سے 9 بجے تک 2 لیٹر

ٹیسٹ سے قبل والی صبح: صبح 5.30 بجے سے 7.30 بجے تک 2 لیٹر

-----------------------------------------------------------

قولونو اسکوپی کا وقت دوپہر 2 بجے کے بعد

ٹیسٹ سے قبل والی صبح: صبح 7.00 بجے سے 11.00 بجے تک 4 لیٹر